بینک دولت پاکستان

شعبہ فنانس

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

**ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2025ء** **20 فروری 2025ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام ایجنٹ بینک

محترم / محترمہ،

**روایتی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (سرٹیفکیٹس) میں سرمایہ کاری کے لیے معیاری طریقہ کار (SOPs)**

براہِ مہربانی روایتی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (سرٹیفکیٹس) میں سرمایہ کاری کے متعلق شعبہ فنانس سرکلر نمبر 3 برائے 2020ء، بتاریخ 11 ستمبر 2020ء، سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2021ء بتاریخ 19 فروری 2021ء، سرکلر لیٹر نمبر 6 برائے 2022ء بتاریخ 19 ستمبر 2022ء اور سرکلر نمبر 1 برائے 2023ء بتاریخ 23 جنوری 2023ء، سرکلر لیٹر نمبر 5 برائے 2023ء بتاریخ 14 ستمبر 2023ء ملاحظہ فرمائیے۔

اس ضمن میں تمام ایجنٹ بینکوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومت پاکستان فنانس ڈویژن (ایکسٹرنل فنانس ونگ) نے گزٹ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او(I)33 / 2025ء اور ایس آر او (I) 174، 2025ء بتاریخ 12 فروری 2025ء (ضمیمہ الف) کے ذریعے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کی شرح پر نظر ثانی کو نوٹیفائی کیا ہے جو درج ذیل ہے:

| کرنسی | کم از کم سرمایہ کاری | منافع کی شرح (خام سالانہ منافع قبل از ٹیکس) | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 3 مہینے | 6 مہینے | 12 مہینے | 3 سال | 5 سال |
| امریکی ڈالر | 500 کے صحیح اضعاف (integral multiples) کے ساتھ 1,000 | 7.00٪ | 7.00٪ | 7.00٪ | 7.50٪ | 7.50٪ |
| پاکستانی روپیہ | 1000 کے صحیح اضعاف (integral multiples) کے ساتھ 10,000 | 13.50٪ | 13.50٪ | 13.00٪ | 12.50٪ | 12.50٪ |
| برطانوی پونڈ | 500 کے صحیح اضعاف (integral multiples) کے ساتھ 1,000 | 7.25٪ | 7.25٪ | 7.25٪ | 7.50٪ | 7.50٪ |
| یورو | 500 کے صحیح اضعاف (integral multiples) کے ساتھ 1,000 | 5.25٪ | 5.25٪ | 5.25٪ | 5.25٪ | 5.25٪ |

مذکورہ بالا نظرِ ثانی فوری طور پر نافذ العمل ہو گی۔

براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمایئے۔

آپ کا مخلص

(سید محمد خلیل نقوی)
سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر
فنانس